رول نمبر____________(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) LHR-1-24 224 - فرسٹ اینول (انٹر پارٹ-II) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) **PAPER CODE = 8021** کل نمبر : 20

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | مسلمان حکمرانوں نے پیغام رسانی کے لیے کون سا جداگانہ محکمہ قائم کیا تھا : | (A) دیوان الفرید | (B) دیوان البرید | (C) دیوانِ خاص | (D) دیوانِ عام |
| 2 | چراغ حسن حسرت لاہور آئے تو کہاں ٹھہرے : | (A) دوست کے گھر | (B) ہوٹل میں | (C) مولانا ظفر علی خاں کے گھر | (D) اخبار ''زمیندار'' کے دفتر میں |
| 3 | ایسٹ ویسٹ سنٹر کا جاپانی باغ کیسا تھا : | (A) دلکش | (B) ایمان شکن | (C) خوبصورت | (D) ایمان افروز |
| 4 | ڈاکٹر زیدی نے ڈاکٹر برہان کو کتنے سال پرانا واقعہ سنایا : | (A) دو سال | (B) دس سال | (C) بیس سال | (D) بارہ سال |
| 5 | بی جمن نے مزاج دار کو کس زیور میں ڈورا ڈلوانے کا کہا : | (A) بازوبند | (B) دھگدگی | (C) گلوبند | (D) بالی پتے |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | علم اور تحمل مزاجی انسان کا رتبہ بڑھا۔ : | (A) دیتا ہے | (B) دیتے ہیں | (C) دیتی ہیں | (D) دیتی ہے |
| 7 | درخت سے طوطے اور چڑیاں : | (A) اُڑ گئی | (B) اُڑ گئیں | (C) اُڑ گیا | (D) اُڑ گئے |
| 8 | اس کا مال، اسباب، جاگیر، مکانات سب کچھ : | (A) بک گیا | (B) بک گئے | (C) بک گئی | (D) بک گئیں |

(ورق اُلٹیے)



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9-1 | جوں جوں ہم بلندی پر چڑھتے گئے ــــــ سردی بڑھتی گئی : | (A) ویسے ویسے | (B) اس لیے | (C) توں توں | (D) تو پھر |
| 10 | ــــــ وہ آتا تو میں اس کی مدد کرتا : | (A) لہٰذا | (B) چونکہ | (C) مگر | (D) اگر |

**رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | احمد ــــــ علی اور کمال دوست ہیں : | (A) ؛ | (B) — | (C) ، | (D) ! |
| 12 | ؛ یہ علامت ہے : | (A) رابطہ کی | (B) سکتہ کی | (C) ختمہ کی | (D) وقفہ کی |
| 13 | وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) سوالیہ کی | (B) تفصیلیہ کی | (C) رابطہ کی | (D) ختمہ کی |
| 14 | ورزش کے فوائد حسب ذیل ہیں ــــــ یہاں کون سی علامت آئے گی : | (A) : | (B) ؛ | (C) — | (D) ! |
| 15 | جملہ معترضہ سے پہلے اور بعد میں جو علامت استعمال ہوتی ہے اُسے کہتے ہیں : | (A) ندائیہ | (B) خط | (C) تفصیلیہ | (D) سوالیہ |

**امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | چاہنا : | (A) مجھے گھڑی چاہیے۔ | (B) مسافر کو کھانا چاہیے۔ | (C) آخر تم کیا چاہتے ہو۔ | (D) علی گھر جانا چاہتا ہے۔ |
| 17 | ہونا : | (A) تمھیں کیا ہوا ہے۔ | (B) ابھی جلسہ شروع ہوا ہے۔ | (C) علی سویا ہوا ہے۔ | (D) جھگڑا نہیں ہوا۔ |
| 18 | پڑنا : | (A) سکہ زمین پر پڑا ہے۔ | (B) کپ میز پر پڑا ہے۔ | (C) آج اولے پڑے ہیں۔ | (D) اُسے کراچی جانا پڑا۔ |
| 19 | ڈالنا : | (A) گلاس میں دودھ ڈالو۔ | (B) چائے میں چینی نہ ڈالنا۔ | (C) خط لیٹر بکس میں ڈال دو۔ | (D) بچے نے کھلونے توڑ ڈالے۔ |
| 20 | رکھنا : | (A) تم اپنی آنکھیں بند رکھنا۔ | (B) کھانا میز پر رکھ دو۔ | (C) مسافر نے سامان باندھ رکھا ہے۔ | (D) اپنا خیال رکھنا۔ |

ParhloPakistan.com

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) LHR-1-24 224۔فرسٹ اینول (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) ( پہلا گروپ ) کل نمبر : 80

( حصہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم وہ بانکپن ، وہ اچھوتا شباب پیدا کر
ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی تو خارزارِ جہاں میں گلاب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

وائے دیوانگیٔ شوق کہ ہر دم مجھ کو آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا

( حصہ دوم )

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) نذیر احمد کی قوتِ تقریر کے متعلق کہا جاتا تھا کہ انگلستان کا مشہور مقرر برک بھی اُن سے زیادہ موثر تقریر نہیں کر سکتا تھا۔ اب بھی اگلے وقتوں کے لوگ ، جنھوں نے مولوی صاحب کے لیکچر سنے ہیں ، کہتے ہیں کہ یا تو ہم نے ڈپٹی صاحب کو دیکھا یا اب اخیر میں بہادر یار جنگ مرحوم کو دیکھا کہ سامعین پر جادو سا کر دیتے اور جو کام ان سے چاہتے لے لیتے۔ جب چاہا انھیں ہنسا دیا اور جب چاہا ان کی جیبیں خالی کرا لیں اور عورتوں کے زیور تک اتروا لیا کرتے تھے۔

(ورق الٹئے)

3۔ (ب) پاکستان کے قیام سے نہ صرف ہندوستان کے برِعظیم اور ایشیا میں بلکہ ساری اسلامی دنیا میں ایک ایسا قوت آفرین تغیر رونما ہو گیا ہے جس کے غیر معمولی نتائج کا دنیا ابھی صحیح طور پر اندازہ نہیں کر سکتی۔ ادھر یہ امر پاکستان کی ملتِ اسلامیہ پر روز بروز واضح ہو رہا ہے کہ اگر اسے اپنی اور دنیا کی طرف اپنا اسلامی اور انسانی فرض ادا کرنا ہے تو پاکستان کی حکومت لازمی طور پر اسلامی جمہوریت کے ترقی پرور اصولوں پر قائم ہو گی، جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں سے مساوی سلوک کیا جائے گا۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے : 1,9

(الف) اکبری کی حماقتیں ۔ (ب) مولانا ظفر علی خاں ۔

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ''سُراغِ راہرو'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے : 20

(الف) ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے ۔

(ب) دہشت گردی، اسباب اور روک تھام کی تدابیر ۔

(ج) جدید تقاضے اور ہماری تعلیم ۔

7۔ تاجر کتب کے نام کتابیں منگوانے کے لیے خط تحریر کیجیے۔ 10



ParhloPakistan.com